نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

13 اگست 2010ء

برائے فوری اجراء

425/2010

رابطہ: رچرڈ سنیلسائر

ترجمان

فون: 0300-501-2640

سیلاب زدہ علاقوں میں بیماریوں کے ممکنہ پھیلاؤ کی روک تھام کیلئے امریکی اعانت

اسلام آباد (13 اگست 2010ء) ___ پاکستان کے بیماریوں سے پیشگی خبردار کرنے والے نظام (ڈی ای ڈبلیو ایس) کی پورے ملک میں توسیع اور شدید خطرے سے دوچار سیلاب زدہ علاقوں میں پانی سے پیدا ہونے والے امراض کے علاج کیلئے اولین 15 طبی مراکز قائم کرنے کی غرض سے امریکہ عالمی ادارۂ صحت کو 3 ملین ڈالر فراہم کر رہا ہے۔ سیلاب کے بعد پانی سے جنم لینے والی بیماریوں کی نگرانی ڈی ای ڈبلیو ایس کا کام ہے۔ یہ صحت کے شعبے سے متعلق کارکنوں کا ایک نیٹ ورک ہے جس کیلئے امریکہ 2008ء سے اعانت فراہم کر رہا ہے۔

سفیر این ڈبلیو پیٹرسن نے کہا ہے کہ لوگوں کی اشد ضروری علاج معالجے تک رسائی کو یقینی بنانے کیلئے امریکہ شدید خطرے سے دوچار علاقوں میں پہلے 15 طبی مراکز قائم کر رہا ہے۔ انھوں نے کہا کہ ان مراکز میں امراض کی تشخیص اور علاج کیا جائے گا اور یہاں تربیت یافتہ بین الاقوامی اور مقامی طبی عملے کو تعینات کیا جائے گا۔

9 اگست 2010ء کو چاروں صوبوں میں سیلاب سے متاثرہ 62 میں سے 56 اضلاع نے روزانہ کی بنیاد پر امراض کی نگرانی کے اعداد و شمار ڈی ای ڈبلیو ایس کو فراہم کئے، جس سے طبی کارکنوں کو بیماریوں کے متعلق صورتحال کا جائزہ لینے میں مدد ملی۔ امراض کے پھیلاؤ کی روک تھام میں مدد دینے کی غرض سے امریکہ متاثرہ علاقوں میں صابن تقسیم کر رہا ہے اور وہ روزانہ 10,000 افراد کو پینے کا پانی فراہم کرنے کیلئے پانی کو قابل استعمال بنانے والے موبائل یونٹس بھی فراہم کر چکا ہے۔

مزید برآں امریکہ انسانی ہمدردی کی بنیاد پر کام کرنے والے لوگوں کے اشتراک سے شدید متاثرہ علاقوں میں سے بعض میں حفظان صحت سے متعلق شعور بیدار کرنے کے پیغامات کو فروغ دینے کیلئے کام کر رہا ہے۔ یہ پیغامات، جن میں مناسب طریقے سے ہاتھ دھونے کی وجہ سے پانی سے پیدا ہونے والی بیماریوں سے بچاؤ کا مشورہ شامل ہوتا ہے، ریڈیو سے نشر کئے جا رہے ہیں اور حفظان صحت کے کارکن متاثرہ علاقوں میں گھر گھر جا کر ان ہدایات کی اہمیت کو مزید اجاگر کر رہے ہیں۔

###

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2082000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلفٹن زلین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11۔ اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5268800